پاکستان واٹر اینڈ پاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی

اسامیاں خالی ہیں

چشمہ جناح، گومل زم ہائیڈل پاور اسٹیشن اور گومل زم ڈیم میں چیف انجینئر (ہائیڈل) چشمہ کے زیر انتظام درج ذیل اسامیاں ابتدائی طور پر ایک سالہ کنٹریکٹ (تسلی بخش کارکردگی اور ضرورت کے مطابق قابل توسیع) کی بنیاد پر خالی ہیں۔

نمبر شمار	نام اسامی	بی پی ایس	تعداد اسامی	متعلقہ سروس رولز کے تحت کم از کم تعلیم اور تجربہ	حد عمر	مختص کوٹہ
1	اسسٹنٹ فورمین (مکینیکل)	15	01	منظور شدہ یونیورسٹی سے ڈی اے ای (مکینیکل) مع کسی پاور ہاؤس میں بطور جونیئر ٹیکنیشن (مکینیکل)/ملر/ٹرنر/مشینسٹ 03 سالہ تجربہ	18-30 سال	پنجاب=01
2	جونیئر سٹور کیپر	14	02	الیکٹریکل/مکینیکل/الیکٹرونکس ٹیکنالوجی میں کسی منظور شدہ یونیورسٹی سے ڈی اے ای	18-30 سال	واپڈا ایمپلائز چلڈرن=01 پنجاب=01
3	سٹینوگرافر G-II	14	02	منظور شدہ یونیورسٹی سے سیکنڈ کلاس میں بی اے/بی ایس سی مع (الف) 60 WPM شارٹ ہینڈ (ب) 40WMP ٹائپنگ (ج) مائیکروسافٹ آفس اور انٹرنیٹ (ای میل) وغیرہ کا سرٹیفکیٹ اور کمپیوٹر کے استعمال میں مہارت۔ نوٹ: ریاضی، شماریات، طبیعات، معاشیات، کمپیوٹر سائنس اور سیاسیات کے مضامین کی تعلیم کے حامل اُمیدواروں کو ترجیح دی جائیگی	18-30 سال	واپڈا ایمپلائز چلڈرن=01 معذور افراد=01
4	جونیئر ٹیکنیشن (الیکٹریکل)	14	03	میٹرک اور کسی منظور شدہ ادارہ سے الیکٹریکل یا الیکٹرونکس ٹیکنالوجی میں 2 سالہ ووکیشنل سرٹیفکیٹ مع 3 سالہ متعلقہ تجربہ	18-30 سال	اوپن میرٹ=01، پنجاب=01 سندھ (دیہی)=01
5	سینئر کلرک	11	02	انٹرمیڈیٹ (آرٹس، سائنس، کامرس، کمپیوٹر) سی گریڈ/50 فیصد نمبر، حالیہ پی سی آپریٹنگ سسٹم، ایم ایس ورڈ اور ایم ایس پاور پوائنٹ یا میٹرک (سی گریڈ/50 فیصد نمبر) ایڈمن کلیریکل ملازمت کا 10 سالہ تجربہ، حالیہ پی سی آپریٹنگ سسٹم، ایم ایس ورڈ اور ایم ایس پاور پوائنٹ	18-30 سال	واپڈا ایمپلائز چلڈرن=01 معذور افراد=01
6	کرین آپریٹر	09	01	میٹرک مع منظور شدہ ٹیکنیکل ووکیشنل ادارہ سے ٹریڈ سرٹیفکیٹ مع کسی بڑے صنعتی ادارہ میں ٹریڈ کا کم از کم تین سالہ تجربہ	18-30 سال	خیبر پختونخوا=01
7	جونیئر کلرک کم کمپیوٹر ٹائپسٹ	09	02	میٹرک (سی گریڈ/50 فیصد نمبر) ٹائپ رائٹر یا پی سی پر ٹائپنگ سپیڈ 40WPM، حالیہ پی سی آپریٹنگ سسٹم اور ایم ایس ورڈ	18-30 سال	واپڈا ایمپلائز چلڈرن=01 معذور افراد=01
8	ڈرائیور	06	04	مڈل مع مستند ایل ٹی وی لائسنس اور ایل ٹی وی لائسنس کے حصول کے بعد پانچ سالہ تجربہ	25-35 سال	واپڈا ایمپلائز چلڈرن=01 پنجاب (اقلیت)=01 سندھ (دیہی)=01 آزاد جموں وکشمیر=01

درخواست دہندگان متعلقہ مجوزہ درخواست فارم جو کہ این ٹی ایس کی ویب سائٹ پر اشتہار ہٰذا کے ساتھ موجود ہے پُر کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کا بغور مطالعہ کرلیں۔

ھدایات اور عمومی شرائط

تمام اُمیدواروں کا انتخاب فیڈرل گورنمنٹ/واپڈا کی پالیسی کے مطابق میرٹ اور کوٹہ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

صرف این ٹی ایس کی ویب سائٹ پر موجود اسامی کیلئے مناسب درخواست فارم پر اپلائی کرنے والے اُمیدواروں کو ہی منتخب کیا جائے گا۔

ملازمت یافتہ اُمیدوار محکمانہ وساطت سے اپلائی کرنے کے اہل ہوں گے۔

صرف منتخب اُمیدواروں کو ہی ٹیسٹ/انٹرویو کیلئے مدعو کیا جائے گا۔

این ٹی ایس کی جانب سے ٹیسٹ اور واپڈا کی جانب سے انٹرویو کیلئے کوئی ٹی اے/ڈی اے ادا نہیں کیا جائے گا۔

ہر اسامی کے سامنے حد عمر میں عمومی رعایت پہلے سے درج کردی گئی ہے۔

حد عمر میں رعایت حسب ذیل ہوگی۔

(الف) بلوچستان، سندھ (دیہی)، شیڈولڈ کاسٹ، بدھ مت کمیونٹی، قبائلی علاقہ جات کے تسلیم شدہ قبائلی، آزاد کشمیر اور نارد رن ایریا (گلگت بلتستان) سے تعلق رکھنے والوں کیلئے حد عمر میں زیادہ سے زیادہ 3 سال کی رعایت۔

(ب) واپڈا کے دوران ملازمت وفات پاجانے والے ملازمین کی بیوہ/بیٹا/بیٹی کیلئے حد عمر میں زیادہ سے زیادہ 5 سال کی رعایت۔

(ج) واپڈا/سرکاری ملازمین جو درخواست وصولی کی آخری تاریخ تک واپڈا/سرکاری محکمہ میں 2 سالہ مسلسل ملازمت کے حامل ہوں اور معذور افراد جن کے پاس معذوری کا سرٹیفکیٹ موجود ہو کیلئے حد عمر میں زیادہ سے زیادہ 10 سال کی رعایت۔

(د) مسلح افواج کے ریٹائرڈ ملازمین کیلئے حد عمر میں رعایت وفاقی حکومت/واپڈا پالیسی کے مطابق ہوگی۔

منتخب اُمیدواروں کو انٹرویو کے وقت اصل دستاویزات پیش کرنا ہوں گی۔

اُمیدوار نتائج، ٹیسٹ سنٹرز، رول نمبر سلپ اُمیدواروں کی پروویژنل اور حتمی فہرست کے علاوہ تحریری امتحان اور دیگر کسی بھی انکوائری/معلومات وغیرہ کیلئے این ٹی ایس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

واپڈا ایمپلائز چلڈرن کیلئے مختص کوٹہ پر صرف مستحق واپڈا ملازمین کے بچے ہی اپلائی کرنے کے اہل ہوں گے۔ درخواست دہندہ کو انٹرویو کے وقت واپڈا ایمپلائی چلڈرن کا ثبوت بشمول متعلقہ دفتر سے جاری کردہ اس بات کا سرٹیفکیٹ کہ اس کوٹہ کے تحت پہلے کوئی بچہ ملازم نہیں ہوا، مہیا کرنا ہوگا۔

واپڈا اسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی اور کسی بھی وقت بھرتی کے مرحلہ کو منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

درخواست دہندگان درخواست فارم دھیان سے پُر کریں۔ اُمیدوار کی طرف سے مہیا کی گئی معلومات کا ذمہ دار وہ خود ہوگا۔ غلط/بوگس معلومات مہیا کرنے پر اُمیدوار کی درخواست مسترد کردی جائیگی۔

منتخب اُمیدواروں کو انٹرویو کے وقت پُر کئے گئے درخواست فارم کی ہارڈ کاپی/فوٹو کاپی پیش کرنا ہوگی۔

درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ مورخہ 15 مئی 2017ء ہے۔

اپلائی کرنے کا طریقۂ کار

i درخواست فارم این ٹی ایس کی ویب سائٹ **www.nts.org.pk** سے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔

ii ہر لحاظ سے مکمل درخواستیں مع -/450 روپے ٹیسٹ فیس بحق نیشنل ٹیسٹنگ سروس، قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور 2 عدد پاسپورٹ سائز تازہ تصاویر بذریعہ کوریئر درخواست فارم پر موجود پتہ یعنی این ٹی ایس ہیڈ کوارٹر، E-1، گلی نمبر 46، I-8/2، اسلام آباد UAN-9251-844-4441 میں پہنچ جانی چاہئیں۔

iii ٹیسٹ فیس مجوزہ بینک چالان پر (جو کہ درخواست فارم کے ساتھ منسلک ہے) این ٹی ایس کی ویب سائٹ **www.nts.org.pk** سے ڈاؤن لوڈ کرکے میزان بینک، ایم سی بی، اے بی ایل کی کسی بھی شاخ میں جمع کروائی جاسکتی ہے۔

iv نامکمل، غلط معلومات پر مبنی، مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والی درخواستوں کو موقع پر مسترد کردیا جائے گا۔

PRD(L)/WAPDA/415(2016-17)

PID(L) 3940

چیف انجینئر (ہائیڈل) واپڈا چشمہ، سی ایچ پی واپڈا کالونی پی او چشمہ بیراج کالونی، ضلع میانوالی، فون: **0459-923261**۔ ویب سائٹ: **www.wapda.gov.pk**

27x4